# نمونتاً مجموعی قدرپیمائی-1 2023-24

جماعت: ششم | مضمون: سائنس | نشانات: 40 | وقفہ: 90منٹ

## نیلانقشہ (Blue Print)

| شمار نمبر | اکائیوں کے نام | معلومات | | | تفہیم/ادراک | | | اظہار/اطلاق | | | مدح/مہارت | | | جملہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | معروضی | مختصر | تفصیلی | معروضی | مختصر | تفصیلی | معروضی | مختصر | تفصیلی | معروضی | مختصر | تفصیلی | نشانات | سوالات |
| 1 | غذا یہ کہاں سے آتی ہے | 1(1) | | | 1(1) | 1(2) | | | | | | | | 4 | 3 |
| 2 | غذا کے اجزاء | 2(1) | 1(2) | | 1(1) | | | | | | | | | 5 | 4 |
| 3 | ریشوں سے کپڑوں تک | 1(1) | | | 4(1) | 1(2) | | | | | | | | 7 | 6 |
| 4 | اشیاء کو گروپوں میں چھانٹنا | 1(1) | | | | 1(2) | | | | | | | | 3 | 2 |
| 5 | اشیاء کی علیحدگی | | | | | | | | 1(2) | 1(4) | | | | 6 | 2 |
| 6 | ہمارے اطراف کی تبدیلیاں | | | | | 1(2) | | | | | | | | 2 | 1 |
| 7 | پودوں سے شناسائی | | 1(2) | | | 1(2) | | | | | | | 1(4) | 8 | 3 |
| 8 | جسمانی حرکات | 1(1) | | | | 1(2) | | | 1(2) | | | | | 5 | 3 |
| جملہ | | 6(1) | 2(2) | | 6(1) | 6(2) | | | 2(2) | 1(4) | | | 1(4) | 40 | 24 |
| | | 8 (10) | | | 12 (18) | | | 3 (8) | | | 1(4) | | | | |

نوٹ: قوس کے اندر نشانات اور قوس کے باہر سوالات کی تعداد درج ہے۔

# نمونتاً سوالی پرچہ مجموعی قدر پیمائی-1 2023-24

مدرسہ: سرکاری اردو ہائر پرائمری اسکول-----------

جماعت: ششم | مضمون: سائنس | نشانات: 40 | وقفہ: 90 منٹ

نام: | رول نمبر: | مورخہ:

---

**سوال نمبر 1:- درج ذیل چار متبادلات میں سے صحیح جواب کے سامنے صحیح کا نشان لگائیں۔** 1x4=4

(1) مگرمچھ ایک جانور ہے — گوشت خور ☐ ہمہ خور ☐ سبزی خور ☐ ان میں سے کوئی نہیں ☐

(2) لیمو اور سنترہ میں پایا جاتا ہے — وٹامن A ☐ وٹامن B ☐ وٹامن C ☐ وٹامن D ☐

(3) پروٹین ٹیسٹ کے لئے ضروری شئے — کاپر سلفیٹ ☐ کاسٹک سوڈا ☐ پانی ☐ یہ تمام ☐

(4) مستقل جوڑ کی ایک مثال — کہنی ☐ کھوپڑی ☐ گردن ☐ گھٹنا ☐

**سوال نمبر 2:- مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجئے۔** 1x4=4

(5) اناج، دالیں، ترکاریاں اور پھل---------ذرائع سے حاصل ہونے والی غذائی اشیاء ہیں۔

(6) وٹامن C کی کمی سے---------بیماری ہوتی ہے۔

(7) ریشوں سے----------بنائے جاتے ہیں۔

(8) ----------ایک پانی میں حل پذیر شئے ہے۔

**سوال نمبر 3 :- مناسب جوڑ لگایئے ۔** 1x4=4

(9) ریشم — (a) سویٹر [ ]

(10) کپاس — (b) تھیلہ [ ]

(11) اون — (c) چراغ کی بتّی [ ]

(12) پٹ سن — (d) ساڑی [ ]

Mohammadzaki Qazi

سوال نمبر 4 :- درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ 2x10=20

(13)چند حیوانی مصنوعات کے نام لکھئے جنہیں ہم کھاتے ہیں؟

---------------------------------------- ---------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

(14) پروٹین ہمارے جسم کے لئے کیوں ضروری ہے،چند پروٹین سے بھرپور غذاؤں کے نام لکھئے؟

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

(15) Weavingاور Knitting میں کیافرق ہے؟

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

(16) کانچ،ہوا،لکڑی،کاغذ،پانی اور پتھر کی شفاف اور غیر شفاف میں درجہ بندی کرو۔

شفاف: -------------------------------------------------------------------------------------------------

غیر شفاف: ----------------------- -------------------------------------------------------------------------

(17)سمندر کے پانی سے عام نمک کو کس طرح الگ کیا جاتا ہے؟

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

------------------------------------ ----------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

(18) دودھ کا دہی بننا کونسی تبدیلی ہے اور کیوں؟

------------------------------- ---------------------------------------------------------------------------

------------------------------- ---------------------------------------------------------------------------

(19) ضیائی تالیف سے کیا مراد ہے؟

(20) پودوں کے پتوں کی ترتیب اور جڑوں کے اقسام میں کیا تعلق ہے؟

(21) بال اور ساکٹ جوڑ سے کیا مراد ہے، ایک مثال لکھو؟

(22) کیچوا (Earth Worm) کس طرح حرکت کرتے ہوئے آگے بڑھتا ہے؟

**سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔** 4x2=8

(23) درج ذیل تصاویر کا مشاہدہ کر کے اشیاء کی علیحدگی کا طریقہ لکھئے اور مثالوں کے ذریعے وضاحت کیجئے۔

(a)



(a)

(b)



(b)

(c)



(c) ------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

(d)



(d) ------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

(24) گڑھل کے پھول کی صاف شکل نکال کر حصوں کے نام لکھو۔

## جوابی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی 1

جماعت: ششم　　مضمون: سائنس　　نشانات: 40

**سوال نمبر 1 :-**

1) گوشت خور

2) وٹامن C

3) یہ تمام

4) کھوپڑی

**سوال نمبر 2 :-**

5) پیڑ پودے

6) اسکروی

7) دھاگے

8) شکر / نمک

**سوال نمبر 3 :-**

9) d- ساڑی

10) c- چراغ کی بتی

11) a- سویٹر

12) b- تھیلہ

**سوال نمبر 4 :-**

13) گوشت، انڈا، مچھلی، دودھ، کلیجی، پنیر، مکھن وغیرہ

14) ہمارے جسم کی مرمت اور نشوونما کے لئے پروٹین ضروری ہے۔ مٹر، سویابین، مونگ، چنا، انڈا، گوشت، مچھلی، پنیر وغیرہ پروٹین سے بھرپور غذائیں ہیں۔

15) کپڑا بنانے کے لئے دھاگوں کے دو سیٹ کو ایک دوسرے کے ساتھ ترتیب دینے کا عمل Weaving کہلاتا ہے۔ کپڑا بنانے کے لئے صرف ایک ہی دھاگہ استعمال

کرنے کا عمل Knittig کہلاتا ہے۔

16) شفاف: کانچ، ہوا، پانی غیر شفاف: لکڑی، کاغذ، پتھر

17) جب سمندر کے پانی کو کیاریوں میں بھر دیا جاتا ہے تو پانی سورج کی گرمی سے آہستہ آہستہ گرم ہو کر تبخیر کے ذریعے ابخرات میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ چند دنوں میں تمام پانی تبخیر ہو جاتا ہے اور نمک باقی رہ جاتا ہے۔

18) دودھ کا دہی بننا غیر رجعتی تبدیلی ہے۔ کیونکہ دہی سے پھر دودھ حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

19) سورج کی روشنی اور کلوروفل کی موجودگی میں، پانی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کو استعمال کر کے پودے اپنی غذا خود تیار کرتے ہیں اس عمل کو ضیائی تالیف کہتے ہیں۔

20) اگر پودوں کے پتوں کی ترتیب جالی دار ہے تو ان کی جڑیں ہمیشہ اصل جڑ ہوتی ہیں اور اگر پودوں کے پتوں کی ترتیب متوازی ہے تو ان کی جڑیں ہمیشہ ریشی جڑیں ہوتی ہیں۔

21) ایسا جوڑ جس میں ایک ہڈی کا گول سرا دوسری ہڈی کے جوف میں پھنسا رہتا ہے، بال اور ساکٹ جوڑ کہلاتا ہے۔ مثلاً کندھے کا جوڑ/کولہے کا جوڑ

22) حرکت کے دوران کیچوا سب سے پہلے اپنے جسم کے اگلے حصے کو پھیلاتا ہے اور پچھلا حصہ زمین پر مستقل کر لیتا ہے۔ اور پچھلے حصے کو ریلیز کر دیتا ہے۔ اس کے بعد یہ اپنے جسم کو چھوٹا کر لیتا ہے اور پچھلے حصے کو آگے کی طرف کھینچتا ہے اور فاصلہ طے کرتا ہے۔ اس طرح عضلات کے پھیلنے اور سکڑنے کے عمل کو دہرا کر کیچوا مٹی میں حرکت کرتا ہے۔

سوال نمبر 5:-

(23


(a) چننا: گیہوں، چاول یا دالوں سے پتھر، بھوسی یا مٹی جیسی بڑے سائز کی غیر ضروری اشیاء کو ہاتھوں سے چن کر علیحدہ کیا جاتا ہے۔

(b) گاہنا: اناج کے بے شمار دانوں کو ان کے تنوں سے الگ کرنے کے لئے تنوں کو پیٹا جاتا ہے اس عمل کو گاہنا کہتے ہیں۔

(c) پھٹکنا: ہوا کی مدد سے اناج کے بھاری دانوں سے ہلکا بھوسا الگ کیا جاتا ہے۔ اس عمل کو پھٹکنا کہتے ہیں۔

(d) چھاننا: آٹے سے اس میں موجود بھوسی اور غیر ضروری چیزیں الگ کرنے کے لئے چھلنی میں ڈال کر ہلایا جاتا ہے۔ اس عمل کو چھاننا کہتے ہیں۔

(24



جماعت: ششم مضمون: سائنس

## زبانی سوالی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی 1

1) اڈلی کے اجزائے ترکیبی بتائیے۔

2)غذا کے کونسے اجزاء کو توانائی والی غذا Energy Food کہتے ہیں؟

3)ہڈیوں کی صحت کے لئے ضروری معدنیات کا نام بتائیے۔

4)پالسٹر ایک قدرتی ریشہ ہے یا تالیفی؟

5) کانچ کا کٹورا چمکدار ہوتا ہے یا غیر چمکدار؟

6)واٹر فلٹر میں کس عمل کے ذریعے پانی صاف ہوتا ہے؟

7)پانی سے برف کا بننا رجعتی تبدیلی ہے یا غیر رجعتی؟

8) پودے کا کونسا حصہ پانی اور غذا کی سربراہی کرتا ہے؟

9)کھوپڑی کی کونسی ہڈیاں متحرک ہوتی ہیں؟

10)سخت اور ملائم میں کیا فرق ہے؟

## زبانی جوابی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی 1

1)چاول، ارد دال، نمک، پانی

2)کاربوہائڈریٹ اور چربی

3)کیلشیم

4)تالیفی

5)چمکدار

6)عملِ تقطیر

7)رجعتی

8)تنا

9)نچلا جبڑا

10 )ایسی اشیاء جنہیں آسانی سے کھرچ اور دبا سکتے ہیں ملائم کہلاتی ہیں اور جنہیں آسانی سے دبایا نہیں جاسکتا سخت کہلاتی ہیں۔